''صبحِ بہاراں'' کے مکتوبِ عطّار کے بجائے یہ مکتوب دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار اجتماع میں پڑھ کر سنایئے!



جشنِ ولادت

کے بارے میں

مکتوبِ عطّار



26 صَفَر شریف 1448ھ/10 اگست 2026ء کا مکتوب

شیخِ طریقت، امیرِ اَہلِ سُنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علّامہ مولانا ابو بلال

محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

جشنِ ولادت کے بارے میں مکتوبِ عطّار

(**دَرخواست:** ہر سال ماہِ اعلیٰ حضرت، ماہِ صَفَر شریف کے آخِری ہفتہ وار اجتماع میں یہ ''مکتوبِ عطّار'' پڑھ کر سنا دیا جائے۔ اسلامی بہنیں ضَرورت کے مُطابِق تبدیلی کر لیں اور اعلان بھی کریں کہ ضَروری تبدیلی کی ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ محمد الیاس عطّار قادِری رضوی عُفِیَ عَنْہُ کی جانب سے تمام عاشِقانِ رسول کی خدمت میں:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہ وَبَرَکٰتُہ

اَلْحمدُ لِلّٰہ رَبِّ الْعٰلمین ! جُھوم جایئے! ماہِ میلاد، رَبیعُ الْاَوّل شریف آنے والا ہے، اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ جشنِ ولادت کی دھوم مچانے کیلئے تیّار ہو جایئے ۔

تم بھی کرکے اُن کا چرچا اپنے دِل چمکاؤ
اونچے میں اونچا نبی کا جھنڈا گھر گھر میں لہراؤ

(1) چاند رات ان الفاظ میں تین بار مساجِد میں اِعلان کروایئے: ''تمام عاشقانِ رسول کو مُبارَک ہو کہ ماہِ میلاد، رَبیعُ الْاَوّل شریف کا چاند نظر آ گیا ہے، دُرُود شریف کی کثرت کرنے اور ہمیشہ کیلئے نَماز کی پابندی جاری رکھنے کی نیّت فرمالیجئے۔'' (اعلان ختم)

ربیعُ الاوّل اُمّیدوں کی دنیا ساتھ لے آیا
دُعاؤں کی قَبولیّت کو ہاتھوں ہاتھ لے آیا

www.dawateislami.net

(2) براہِ کرم! رَبیعُ الْاَوّل شریف کی بَرَکت سے آج ہی سے اسلامی بھائی ہمیشہ کیلئے ایک مُٹّھی داڑھی رکھنے اور اسلامی بہنیں ہمیشہ کے لئے اسلامی پردہ جاری رکھنے کی نیّت فرمائیں۔ (مرد کا داڑھی منڈانا یا ایک مُٹّھی سے گھٹانا اور عورت کا بے پردگی کرنا حرام اور جہنَّم میں لے جانے والا کام ہے۔ لہٰذا جو بھی یہ کر رہے ہوں اُنہیں فوراً توبہ کر کے ان گُناہوں کو ہمیشہ کیلئے چھوڑ دینا ضَروری ہے) (پردے کے بارے میں معلومات کیلئے مکتبۃُ المدینہ کا مختصر سا رسالہ ''اسلامی پردہ'' (37 صَفْحات) پڑھ لیجئے)

جُھک گیا کعبہ سبھی بُت، مُنہ کے بل اَوندھے گرے
دَبدبہ آمد کا تھا، اَھْلًا وَّ سَھْلًا مرحبا

(وسائلِ بخشش ص147)

(3) روزانہ اپنے اعمال کا ''جائزہ'' لے کر مکتبۃُ الْمدینہ کا رسالہ: **''نیک اَعْمال''** میں دیئے ہوئے خانے پُر کر کے ہر شمسی یعنی عیسوی ماہ کی پہلی تاریخ اپنے یہاں کے ذمے دار کو جمع کروایئے، اِنْ شَآءَاللہُ الْکریم نیک اعمال پر اِستِقامت ملے گی، تقوے کا انمول خزانہ ہاتھ آئے گا اور عشقِ رسول کے جام بھر بھر کر پینے کو ملیں گے۔

بدلیاں رَحْمت کی چھائیں، بُوندیاں رَحْمت کی آئیں
اب مُرادیں دل کی پائیں، آمد شاہِ عَرَب ہے

(قبالۂ بخشش ص337)

(4) اسلامی بھائی نیّت فرمائیں کہ ہر ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں رات اعتِکاف، ہر ہفتہ وار مَدَنی مذاکرے میں (سُوال جواب شُروع ہونے سے لے کر کم اَز کم 1 گھنٹا 12 منٹ)

شرکت کریں گے۔ ہر ماہ تین دن، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور زندگی میں کم اَز کم ایک بار ایک ساتھ 12 ماہ کے سنّتیں سیکھنے سکھانے کے قافلے میں بھی سَفَر کریں گے۔ زہے نصیب! تمام عاشقانِ رسول خُصُوصًا ماہِ میلاد، رَبیعُ الْاَوّل شریف میں سرکارِ مکّہ مدینہ صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے حُضُور ثواب پیش کرنے کی نیّت سے کم اَز کم تین دن کے لئے سنّتیں سیکھنے سکھانے کے قافلے میں سفر کریں۔ اس طرح کہ اس میں 12 رَبیعُ الْاَوّل شامل ہو، جہاں قافِلہ ٹھہرے وہاں دھوم دھام سے جشنِ ولادت منانے اور جلوسِ میلاد کی ترکیب فرمائیں۔ سب روزانہ ''گھر دَرْس'' بھی دیں یا سنیں اور اسلامی بہنیں، اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں شروع سے لے کر آخر تک شرکت، روزانہ صِرْف مَحارم اور گھر کی اسلامی بہنوں میں ''گھر دَرْس'' دیں۔ مدرسۃُ المدینہ بالِغان و بالِغات کی بھی ترکیب کیجئے۔ الغرض اسلامی بھائی دعوتِ اسلامی کے 12 اور اسلامی بہنیں 8 مخصوص دینی کام کرنے کی نیّت فرمائیں۔

میں مبلّغ بنوں سنّتوں کا، خوب چرچا کروں سنّتوں کا
یاخدا! درس دوں سنّتوں کا، ہو کرم! بہرِ خاکِ مدینہ

(وسائلِ بخشش ص189)

(5) چاند رات سے لے کر 12 رَبیعُ الْاَوّل تک گھروں، دکانوں، کارخانوں وغیرہ پر اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ چَراغاں کیجئے اور میلادی پرچم لہرایئے۔ بسوں، ویگنوں، ٹرکوں، ٹرالوں، کاروں، ٹیکسیوں، رکشوں، سائیکلوں، اسکوٹروں، ریڑھیوں، گھوڑا گاڑیوں وغیرہ پر بھی

میلادی پرچم لگائیے۔ اِنْ شَآءَاللہُ الْکریم ہر طرف میلادی پرچموں کی بہاریں مسکراتی نظر آئیں گی۔ عموماً ٹرکوں کے پیچھے جانداروں کی بڑی بڑی تصویریں اور فُضول اشعار لکھے ہوتے ہیں۔ ہوسکے تو اپنی گاڑیوں پر یہ لکھوائیے: **دعوتِ اسلامی زندہ باد**

دُعائے عطّار: یاربِّ مصطفٰے! جو کوئی اپنی اسکوٹروں (پرصِرف آگے کی طرف اور) کاروں، اور دیگر گاڑیوں پر آگے یا پیچھے یا دونوں طرف **دعوتِ اسلامی زندہ باد** لکھوائے یا اس کا اسٹیکر لگائے۔ اُس کی گاڑی کی ایکسیڈنٹ (ACCIDENT) سے حِفاظت فرما اور اس کو بے حِساب بَخْش دے، جو کسی گاڑی والے کو اس کام کیلئے راضی کرے اُس کے حق میں بھی یہ دُعائیں قَبول فرما، اٰمِین بِجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم۔

ضَروری احتِیاط: اگر جھنڈے پر سَبز گُنْبَد و خانۂ کعبہ، نَعْلِ پاک کی تصاویر یا کوئی لکھائی ہو تو اس بات کا خیال رکھئے کہ نہ وہ پھٹے، نہ اُڑ کر زمین پر آئے۔ اگر ادب نہیں ہو پاتا تو ایسا پرچم مت لہرائیے، مزید یہ کہ 12 رَبِیْعُ الْاَوّل شریف کا دن جیسے ہی گُزر جائے فوراً تمام جھنڈے اور لائٹنگ کا سامان اُتار لیجئے۔ بِالْخُصُوص مَدَنی مراکز فیضانِ مدینہ و مساجدِ دعوتِ اسلامی و جامعاتُ الْمدینہ و مدارِسُ الْمدینہ اور تمام دارُالْمدینہ سے بھی بروقت یہ ترکیب کرلی جائے۔

روحُ الْامیں نے گاڑا کعبے کی چھت پہ جھنڈا
تا عرش اُڑا پھریرا صُبْحِ شبِ ولادت

(ذوقِ نعت ص 95)

www.dawateislami.net

(6) مسجِدوں پر **میلادی پرچم** لگائیے اور چراغاں (یعنی لائٹنگ) کیجئے۔ **شَرعی مسئلہ:** ''جہاں مسجد کے چندے سے 12 دن تک چَراغاں کا عُرف (یعنی معمول) نہ ہو تو اِس کام کیلئے الگ سے چندہ کرنا ہوگا اور چَراغاں کا بِل بھی اِسی سے ادا کرنا ہوگا۔'' فُٹ پاتھ یا گورمنٹ کی زمین وغیرہ پر **میلادی پرچم** مت گاڑیئے کہ اس سے دیگر نُقصانات کے علاوہ ٹریفک کا نِظام بھی مُتأثِّر ہوسکتا ہے۔ اور گلی وغیرہ میں کہیں بھی اِس طرح کی سَجاوٹ مت کیجئے جس سے لوگوں کا راستہ تنگ ہو اور اُن کو ایذا (یعنی تکلیف) پہنچے۔ **فرمانِ آخری نبی** صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ''جس نے (بلاوجہِ شَرعی) کسی مسلمان کو تکلیف دی اُس نے مجھے تکلیف دی اور جس نے مجھے تکلیف دی اُس نے اللہ پاک کو تکلیف دی۔'' (معجم اوسط حدیث 3607) (**یاد رہے!** چَراغاں کیلئے بھی بجلی چوری کرنا حَرام ہے، لہٰذا بجلی فراہم کرنے والے اِدارے سے رابِطہ کرکے جائز ترکیب بنائیے)

مشرِق و مغرِب میں اِک اِک، بامِ کعبہ پر بھی ایک
نَصْب پرچم ہوگیا، اَھْلًا وَّ سَھْلًا مرحبا

(وسائلِ بخشش ص 146)

(7) ہر اسلامی بھائی حسبِ توفیق مکتبۃُ المدینہ کے دینی رسائل اور مَدَنی پھولوں کے مختلف پمفلٹ جلوسِ میلاد میں بانٹے اور اسلامی بہنیں بھی تقسیم کروائیں۔ اِسی طرح اپنے مرحوم عزیزوں کے ایصالِ ثواب کی نیّت سے اپنی دکان وغیرہ پر مستقل (PERMANENT) تقسیمِ رسائل کا اہتمام فرما کر خوب بَرَکتیں لوٹئے۔ اور سبھی ہفتہ وار جاری کیا جانے والا مُختصر سا

رسالہ پڑھنے یا سننے کی سعادت حاصل کیجئے، اور ہر سال مزید 12 ماہ کیلئے ''ماہ نامہ فیضانِ مدینہ'' کی بکنگ کروالیا کیجئے۔

چار سو رحمتوں کی ہوائیں چلیں، ہوگئی جس سے ساری فَضا دل نشیں
مسکراؤ سبھی آگئے ہیں نبی، غم کے مارو! تمہاری خوشی کے لیے

(8) ہوسکے تو رسالہ: **صُبحِ بہاراں** 12 عدد مکتبۃُ المدینہ سے خرید کر خُصوصاً اُن تنظیموں کے سربراہوں تک پہنچایئے جو ماہِ میلاد، رَبیعُ الْاَوّل شریف میں لائٹنگ کرتے یا محفلِ نعت و بیان یا جُلوسِ میلاد کی ترکیب فرماتے ہیں۔ رَبیعُ الْاَوّل شریف کے دَوران (صِرْف بالِغان) کسی عاشقِ رسول عالمِ دین یا امامِ مسجِد یا مؤذِّن یا خادِمِ مسجد کی ہر جُمعہ اور یہ نہ ہوسکے تو ہر ماہ، عید اور دیگر خوشی کے موقع پر کچھ نہ کچھ مالی خدمت کر دیا کریں۔ شادیوں کے مواقع پر ''شادی کارڈ'' کے ساتھ مکتبۃُ المدینہ کا دینی رسالہ بھی مُنسلک (ATTACH) فرمایئے۔ عید کارڈز اور گُلدستوں کے بجائے دینی کتابیں اور رسالے دینے کا رواج ڈالئے تاکہ جو رقم خرچ ہو اُس سے نیکی کی دعوت عام ہو۔ شادی غمی کی تقریبات میں اپنے یہاں مکتبۃُ الْمدینہ سے ترکیب بنا کر بستہ (STALL) لگوایئے اور مہمانوں میں ثواب کی نیّت سے اسلامی کتابیں اور رسالے مُفت تقسیم کیجئے۔

ولادتِ شہِ دیں ہر خوشی کی باعث ہے
ہزار عید سے بھاری ہے بارہویں تاریخ

(ذوقِ نعت ص 122)

(9) شہروں، قَصبوں، دیہاتوں وغیرہ میں ذمّہ داران 12 دن تک روزانہ جدا جدا مساجِد میں عظیمُ الشّان سنّتوں بھرے اجتماعات کی ترکیب فرمائیں۔ شخصیات کے گھروں، عاشقانِ رسول کی دکانوں، مارکیٹوں، کارخانوں، تعلیمی اِداروں وغیرہ میں بھی یہ اجتماعات کیجئے۔ (ذمّے دار اسلامی بہنیں مدنی مرکز کے دیئے ہوئے طریقے کے مطابق گھروں میں اجتماعات فرمائیں)

لَب پہ نعتِ رسولِ اکرم، ہاتھوں میں پرچم
دیوانہ سرکار کا کتنا پیارا لگتا ہے

(10) 12 ویں شب، **"محفلِ میلاد"** میں شرکت کی نیّت سے غُسْل کیجئے۔ اس عیدوں کی عید کی تعظیم کی نیّت سے لباس، عمامہ، سَر بند، ٹوپی، سَر پر اوڑھنا چاہیں تو سفید چادر، (اگر چاہیں یا عادت ہو تو) پردے میں پردہ کرنے کے لئے چادر، مسواک، جیب کا رومال، چپل، تسبیح، عطر کی شیشی، ہاتھ کی گھڑی، قَلَم، قُفْلِ مدینہ پیڈ وغیرہ اپنے استعمال کی ہر چیز ہو سکے تو نئی لیجئے۔ (مجلسِ میلاد شریف اور دیگر مجالسِ خیر کیلئے غُسْل کرنا مُسْتَحَب ہے۔ (بہارِ شریعت ج1 ص324)) اسلامی بہنیں بھی اپنی ضَرورت کی جو جو چیزیں ممکن ہوں وہ نئی لیں۔

آئی نئی حُکومت سکّہ نیا چلے گا
عالَم نے رنگ بدلا صُبحِ شبِ وِلادت

(ذوقِ نعت ص95)

(11) 12 ویں رات **اجتماعِ میلاد** میں گزار کر بوقتِ صبحِ صادِق **میلادی پرچم** اُٹھائے

www.dawateislami.net

دُرُود وسلام پڑھتے ہوئے اشک بار آنکھوں سے **صُبحِ بہاراں** کا استِقبال کیجئے۔ بعد نمازِ فجر سلام کرنے کے بعد **عید مُبارَک** کہہ کر ایک دوسرے سے گرم جوشی کے ساتھ مُلاقات فرمائیے اور سارا دن عید کی مبارَک باد پیش کرتے اور عید ملتے رہئے۔

عیدِ میلادُ النّبی تو عید کی بھی عید ہے
بالیقیں ہے عید عِیداں عیدِ میلادُ النّبی

(وسائلِ بخشش ص 380)

(12) **اللہ** پاک کے پیارے پیارے سب سے آخری نبی، مکّی مدنی محمدِ عربی صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہر پیر شریف روزہ رکھ کر اپنا یومِ ولادت مناتے رہے، آپ بھی یادِ مصطفٰے صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم میں 12 ربیع الاوّل شریف روزہ رکھ کر **میلادی پرچم** اُٹھائے **جلوسِ میلاد** میں شریک ہوں، جہاں تک ممکن ہو باوُضو رہئے، لب پر دُرُود وسلام اور نَعْتوں کے نَغمے سجائے، نِگاہیں جُھکائے پُر وقار طریقے پر چلئے، اُچھل کود مچا کر کسی کو تنقید کا موقع مت دیجئے۔ (ذمّہ دارانِ دعوتِ اسلامی جلوسِ میلاد میں وہی نعرے لگائیں یا وہی کلام چلائیں جو مدنی مرکز کی طرف سے جاری کردہ ہوں)

رَبیعِ پاک تجھ پر اہلِ سنّت کیوں نہ قرباں ہوں
کہ تیری بارہویں تاریخ وہ جانِ قمر آیا

(قبالۂ بخشش ص 65)

www.dawateislami.net

جلوسِ میلاد اور نیاز کا احترام

ہر جُلوسِ میلاد میں چند اسلامی بھائیوں کی ایک ٹیم ہو، ان میں ایک کے پاس میگا فون ہو، اگر کہیں ٹرک وغیرہ سے **مَعَاذَاللّٰہ** نیاز پھینکی جارہی ہو تو وہاں نرم لہجے میں اِس طرح اِعلان کیا جائے: **''اے عاشِقانِ میلاد! براہِ مہربانی نیاز کا احترام کیجیے اور اوپر سے پھینکنے کے بجائے ہاتھوں میں اِس طرح دیجیے کہ گر کر ضائع نہ ہو، رِزْق کو بے اَدبی سے بچایئے۔''**

ایک حدیثِ پاک توجُّہ سے سنئے: تمام مسلمانوں کی پیاری امّی جان حضرتِ بی بی عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: سلطانِ دو جہان صَلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم مکان میں تشریف لائے، روٹی کا ٹکڑا پڑا ہوا دیکھا تو اُس کو لے کر پُونچھا پھر کھالیا اور فرمایا: ''عائشہ! اچّھی چیز کا احترام کرو کہ یہ چیز (یعنی روٹی) جب کسی قوم سے بھاگی ہے تو لوٹ کر نہیں آئی۔'' (ابنِ ماجہ حدیث ۳۳۵۳) یعنی اگر ناشکری کی وجہ سے کسی قوم سے رِزْق چلا جاتا ہے تو پھر واپَس نہیں آتا۔ (بہارِ شریعت ج۳ص۳۶۴) لنگرِ میلاد لٹانے والوں کے ساتھ ہرگز سختی نہ کی جائے، ضَرورتاً ہاتھ جوڑ کر لَجاجت کے ساتھ درخواست کے انداز میں بات کی جائے۔


مذکورہ ٹیم کے پاس تھیلے ہوں شرکائے جُلوس کو ان تھیلوں میں چھلکے ڈالنے کی نرم انداز میں ترغیب دی جائے۔ اور خود بھی زمین سے اُٹھا کر چھلکے وغیرہ تھیلے میں ڈالے جائیں۔ اِستِعمال کے قابل پھل اور بسکٹ وغیرہ الگ تھیلے میں جمع کئے جائیں۔

مسئلہ: جہاں نیاز لُٹائی جارہی ہو، اُسی مجمع میں لُٹائی جانے والی جو چیز زمین سے اُٹھائی وہ اُٹھانے والے کی مِلک ہے، مگر مجمع کے باہَر، مثلاً نیاز لٹانے والا ٹرک جاچکا اور اب زمین سے کوئی پھل یا چاکلیٹ وغیرہ ملا تو ہوسکتا ہے کہ یہ ''لُقطہ'' یعنی کسی کی گری پڑی چیز ہو۔ یونہی دھات (METAL) کے نقشِ نعلِ پاک اور مقدّس بیج (BADGE) وغیرہ بھی زمین سے اُٹھاتے رہیے اور یہ تو واضِح طور پر لُقطے کے حکم میں ہیں۔ ایسی جگہ اس چیز کے اُٹھانے کی صورت میں اب چونکہ ان چیزوں کا مالِک ملنا دُشوار ہے لہٰذا اُٹھانے والا فقیرِ شَرعی ہو اور وہ چیز اپنے لئے نہیں اُٹھائی تھی تو چاہے تو خود رکھ لے یا کسی فقیرِ شَرعی کو دیدے اور اگر خود شَرعی فقیر نہیں تو مالِک ملنے کی اُمّید نہ ہونے کی صورت میں خود نہ رکھے بلکہ کسی شَرعی فقیر کو دیدے۔ اس کا ایک حل یہ ہے کہ اس طرح کی چیزیں جمع کر کے کسی فقیرِ شَرعی کو اس کا مالِک بنایا جائے، اب وہ چاہے تو خود رکھ لے یا چاہے تو کسی اور کو دیدے۔ (تفصیلات کیلئے بہارِ شریعت جلد 2 حصّہ 10 صَفْحَہ 471 تا 484 سے لُقطہ کا بیان پڑھئے)

فقیرِ شرعی کسے کہتے ہیں؟

وہ شخص جس کے پاس اپنی بنیادی ضَروریات سے زائد ساڑھے باوَن تولے (612.36 گرام) چاندی یا اس کی رقم یا اتنی رقم کا مال نہ ہو ایسا شخص شَرعاً فقیر ہے۔ (تفصیلی معلومات کیلئے مکتبۃُ المدینہ کی کتاب ''نماز کے اَحکام'' صَفْحَہ 362 پڑھ لیجئے)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللّٰہُ علٰی محمَّد



غمِ مدینہ، بقیع، مغفرت اور بے حساب جنت الفردوس میں آقا کے پڑوس کا طالب

۲۶ صفر شریف ۱۴۴۸ھ
10-08-2026